مولانا محمد اسلام حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

● **معارف الفرقان فی تفسیر القرآن** ترجمہ: مولانا عبدالحمید سواتیؒ تفسیر مولانا عبدالقیوم قاسمی

ضخامت: ج اول ۴۸۴ صفحات (فاتحہ تا العمران) ناشر: القاسمی اکیڈمی، مدرسہ معارف اسلامیہ سعید آباد کراچی

زیر تبصرہ کتاب ''معارف الفرقان'' مولانا عبدالقیوم قاسمی کی تالیف کردہ تفسیر ہے، یہ اس تفسیر کا جلد اول ہے جو ایک مقدمہ اور سورہ فاتحہ سے سورہ ال عمران تک کے مباحث پر مشتمل ہے، بہت سی خوبیوں سے مالا مال یہ تفسیر تیاری کے مراحل میں ہے، یہ تفسیر شاہ ولی اللہؒ کے نہج اور اسلوب کے حامل اور مسلک اہل حق کی ترجمانی کرتے ہوئے زمانہ قدیم وجدید کے باطل نظریات واعتقادات کا قلع قمع کرتے ہیں۔ احکام شرعیہ کو بخوبی بیان فرماتے ہیں ،اختصار کیساتھ جامع اور عام فہم زبان میں تفسیر قرآن سکھلاتا ہے۔علم تفسیر سے دلچسپی رکھنے والوں کیلئے ایک قیمتی سوغات ہے۔

● **عمدۃ البیان فی تفسیر القرآن (تفسیر مدنی الکبیر)** مؤلف: شیخ القرآن مولانا محمد اسحاق خان المدنیؒ

ضخامت: ج پنجم ۷۲۳ صفحات ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

زیر تبصرہ کتاب ''عمدۃ البیان فی التفسیر القرآن'' مولانا اسحاق مدنیؒ کی تالیفات میں سے ایک اہم تالیف ہے، جو ''تفسیر مدنی الکبیر'' کے نام سے معروف ومشہور ہے ،یہ اس تفسیر کی پانچویں جلد ہے، جو سورہ توبہ سے لیکر سورہ یوسف تک ہے، مؤلف کی اس سے قبل بھی دو تفاسیر منظر عام پر آچکی ہیں جس میں زبدۃ البیان فی القرآن، اوجز البیان فی تفسیر القرآن قابل ذکر ہے،یہ تفسیر بھی تقریباً بارہ جلدوں پر مشتمل ہوگی، یہ تفسیر علمی وتفسیری دنیا میں ایک عمدہ اور منفرد نوعیت کا علمی اضافہ ہےاور ایک بڑا وقیع تفسیری کارنامہ ہے۔

● **فتاوی محمدیه فی الفقه الحنفی (پشتو)** مؤلف: مولانا مفتی سید حسن حقانی شنواری

ضخامت: ۱۹۵۰ صفحات ،۴ جلد ناشر: دارالعلوم اسلامیہ محمدیہ ماشوخیل پشاور رابطہ نمبر: 03028882691

افتاء اور قضاء کی چودہ سو سالہ تاریخ ہے، فتویٰ یہ ہے کہ مسلمانوں کو نظام حیات میں درپیش